ٹیکہ لگوا لیا ہے۔
اپنا سمارٹ فون لیں۔
v-safe سے شروع کریں۔

v-safe

ٹیکہ کاری ہیلتھ چیکر
کے بعد

COVID-19 کا ٹیکہ لگوانے کے بعد کسی بھی مضر اثرات کے بارے میں سی ڈی سی (CDC) کو بتانے کے لئے اپنے اسمارٹ فون کا استعمال کریں۔ اگر آپ کو دوسرے خوراک کی ضرورت ہوگی تو آپ کو یاد دہانی کرائی جائے گی۔

میں اپنے اسمارٹ فون براؤزر سے سائن اپ کریں

vsafe.cdc.gov

یا

اپنے اسمارٹ فون کا کیمرہ اس کوڈ کی طرف کریں

v-safe کیا ہے؟

V-safe اسمارٹ فون پر مبنی ٹول ہے جو آپ کے ذریعہ COVID-19 کا ٹیکہ لگوانے کے بعد آپ کو ذاتی صحت کی جانچ فراہم کرنے کے لئے متنی پیغام اور ویب سروے کا استعمال کرتا ہے۔ COVID-19 کا ٹیکہ لگنے کے بعد آپ پر کوئی مضر اثرات ہوتے ہیں تو آپ ***v-safe*** کے ذریعہ سی ڈی سی (CDC) کو فورا مطلع کر سکتے ہیں۔ آپ کے جوابات کی بنیاد پر سی ڈی سی (CDC) کی طرف سے کوئی آپ کو چیک کرنے کے لئے کال کر سکتا ہے۔ اور ***v-safe*** آپ کو یاد دہانی کرائے گا کہ آیا آپ کو COVID-19 ٹیکہ کے دوسرے خوراک کی ضرورت تو نہیں ہے -

سی ڈی ایس (CDC) کے ***v-safe*** میں آپ کی شمولیت فرق پیدا کرتی ہے--یہ COVID-19 ٹیکے کو محفوظ بنانے میں مدد کرتی ہے۔

میں اس میں کیسے حصہ لے سکتا ہوں؟

ایک بار جب آپ کو COVID-19 کا ٹیکہ لگ جائے تو اس کے بعد آپ ***v-safe*** میں اسمارٹ فون کا استعمال کرتے ہوئے اپنا اندراج کرا سکتے ہیں۔ شرکت رضاکارانہ ہے اور آپ اس کو کسی بھی وقت ترک کر سکتے ہیں۔ آپ.کو.مقامی وقت کے مطابق دوپہر 2 بجے ***v-safe*** کی طرف سے پیغام موصول ہوگا۔ ترک کرنے کے لئے جب ***v-safe*** کی طرف سے آپ کو پیغام موصول ہو آپ کو بس متنی پیغام لکھنا ہے"STOP" آپ ***v-safe*** دوبارہ شروع کر سکتے ہیں بس آپ کو "START" لکھ کر بھیجنا ہے۔

v-safe چیک ان کا عمل کتنے دنوں تک چلتا ہے؟

ٹیکہ لگنے کے بعد پہلے ہفتہ کے دوران، ***v-safe*** روزانہ آپ کو پیغام بھیجے گا کہ آپ کی طبیعت کیسی ہے۔ اس کے بعد 5 ہفتوں تک ہفتہ میں ایک بار آپ کو پیغام بھیجا جائے گا۔ جو سوالات ***v-safe*** پوچھتا ہے اس کا جواب دینے میں 5 منٹ سے بھی کم کا وقت لگے گا۔ اگر آپ کو ٹیکہ کے دوسرے خوراک کی ضرورت پڑتی ہے تو ***v-safe*** 6 ہفتوں کا نیا چیک ان پروسیس فراہم کرے گا تاکہ آپ ٹیکہ کے دوسرے خوراک کا تجربہ بھی ساجھا کرسکیں۔ ٹیکہ کے آپ کے آخری خوراک کے بعد آپ 3، 6 اور 12 مہینے کی چیک ان بھی موصول کریں گے۔

کیا صحت سے جڑی میری معلومات محفوظ ہے؟

ہاں۔ آپ کی معلومات ***v-safe*** میں پوری طرح محفوظ رکھی جاتی ہے تاکہ یہ خفیہ اور نجی بنی رہے۔*

*اس کے لئے ***v-safe*** جس موجودہ معلوماتی نظام کا استعمال کرتا ہے اس کا نظم و نسق سی ڈی سی (CDC)، ایف ڈی اے (FDA)، اور دیگر وفاقی ایجنسیوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے، اس کے لئے مستعمل نظاموں میں ڈیٹا کی حساسیت کی سطح کے لحاظ سے مناسب احتیاطی حفاظتی تدابیر اپنائے جاتے ہیں۔

20/11/12

v-safe میں کیسے رجسٹر اور استعمال کرتے ہیں

آپ کو اپنا اسمارٹ فون اور COVID-19 ٹیکہ کے بارے میں موصول ہوئی معلومات کی ضرورت ہوگی۔ یہ معلومات آپ کے ٹیکہ کاری ریکاڈ کارڈ میں مل سکتی ہے؛ اگر آپ کو اپنا کارڈ نہ مل رہا ہو تو براہ کرم اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندگان سے رابطہ کرنے کی ضرورت پڑے گی۔

رجسٹر کریں

1. ذیل میں دئے گئے دو اختیارات میں سے ایک کا استعمال کرتے ہوئے v-safe کے ویب سائٹ پر جائیں:

اپنے اسمارٹ فون کا براؤزر استعمال کریں اور پر جائیں
vsafe.cdc.gov

یا

اپنے اسمارٹ فون کا کیمرہ اس کوڈ کی طرف کریں

2. ہدایات کو بغور پڑھیں۔ کلک کریں **Get Started**۔
3. اپنا نام، موبائل نمبر، اور دیگر مطلوبہ معلومات درج کریں۔ کلک کریں **Register**۔
4. آپ کو اپنے اسمارٹ فون پر توثیقی کوڈ کے ساتھ ایک متنی پیغام موصول ہوگا۔ کوڈ ***v-safe*** میں درج کریں اور کلک کریں **Verify**۔
5. اسکرین کے اوپر **موجودٹیکہ کی معلومات پر کلک کریں۔**
6. منتخب کریں کہ COVID-19 کا کون سا ٹیکہ آپ کو لگا ہے (اپنے ٹیکہ کاری کارڈ پر تلاش کریں؛ اگر آپ کو کارڈ پر نہ ملے تو، براہ کرم اپنے ہیلتھ کیئر فراہم کنندگان سے رابطہ کریں)۔ اس کے بعد ٹیکہ لگائے جانے کی تاریخ درج کریں۔ کلک کریں **Next**۔
7. اپنے ٹیکہ کاری معلومات کا جائزہ لیں۔ اگر درست ہو، تو کلک کریں **Submit**۔ اگر درست نہ ہو تو کلک کریں **Go Back**۔
8. **مبارک ہو! آپ کا سیٹ ہوگیا!** اگر آپ مقامی وقت کے مطابق دوپہر ***v-safe*** بجے سے پہلے رجسٹریشن کر لیتے ہیں تو اسی دن تقریبا 2 بجے آپ کی ابتدائی چیک ان شروع کر دے گا۔ اگر آپ 2 بجے کے بعد رجسٹر۔کرتے ہیں تو، ***v-safe*** رجسٹر کرنے کے فورا بعد ابتدائی صحت کی چیک ان شروع کر دے گا---بس ہدایات پر عمل کریںc

جب اگلے چیک ان کا وقت آئے گا تو v-safe کی طرف سے آپ کو مقامی وقت کے مطابق تقریبا 2 بجے یاد دہانی پیغام ارسال کرے گا۔ چیک ان شروع کرنے کے لئے بس متنی پیغام میں موجود لنک پر کلک کریں۔

v-safe ہیلتھ چیک ان مکمل کریں

1. جب آپ کو ***v-safe*** چیک ان پیغام آپ کے اسمارٹ فون پر موصول ہو تو جب آپ تیار ہوں تبھی لنک پر کلک کریں۔
2. چیک ان مکمل کرنے کے لئے ہدایات پرعمل کریں۔

خرابیوں کی سراغ رسائی

اگر میں مخل ہوجاؤں تو کیسے واپس آکر اور بعد میں چیک ان مکمل کر سکتا ہوں؟

- دوبارہ شروع کرنے کے لئے یاد دہانی متنی پیغام میں موجود لنک پر کلک کریں اور اپنا چیک ان مکمل کریں۔

COVID-19 کے ٹیکہ کی دوسری خوراک کے بعد میں اپنے ٹیکہ کی معلومات کیسے اپڈیٹ کروں؟

- ***V-safe*** خود ساختہ طور پر آپ سے ٹیکہ کے دوسرے خوراک کی معلومات اپڈیٹ کرنے کے لئے کہے گا۔ بس ہدایات پر عمل کریں۔

***v-safe* سے متعلق مدد درکار ہے؟**

کال کریں (800-232-4636) 800-CDC-INFO
ٹی ٹی وائی 888-232-6348
24 گھنٹے 7 دن کھلے ہیں وزٹ کریں
www.cdc.gov/vsafe

DUPAGE COUNTY HEALTH DEPARTMENT 1945

DEPARTMENT OF HEALTH & HUMAN SERVICES-USA CDC